GOVERNOR SINDH

DR. ISHRAT UL EBAD KHAN

# پیغام

میرے لیے یہ اطلاع انتہائی مسرت وطمانینت کا باعث ہے کہ کلیہ معارف اسلامیہ کا ایک شعبہ القرآن والسنۃ اپنا پہلا تحقیقی مجلّہ ''احیاء العلوم'' کے نام سے شائع کر رہا ہے۔ یہ ایک قابل تقلید آغاز ہے امید ہے کہ کلیہ کے دیگر شعبہ جات بھی اس مثالی کام کی تقلید کریں گے۔

جامعات کا بنیادی مقصد درس وتدریس کے ساتھ ساتھ تحقیق کو فروغ دینا ہے، جامعہ کراچی پاکستان کی سب سے بڑی جامعہ ہے۔ دیگر جامعات کے لیے قابل تقلید نمونہ پیش کرنا اس کی اہم ترین ذمہ داری ہے۔ الحمدللہ اس وقت درس تدریس کے ساتھ ساتھ تحقیق کے حوالہ سے بھی جامعہ کی ایک شناخت ہے۔

اس سلسلے میں شعبہ القرآن والسنۃ کا تحقیقی مجلّہ احیاء العلوم کا زیورطباعت سے آراستہ ہونا ایک انتہائی اہم اور خوش آئند اقدام ہے جس پر میں شیخ الجامعہ، رئیس کلیہ، صدر شعبہ اور اساتذہ کو مبارکباد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ نہ صرف تحقیق کا یہ عمل مسلسل جاری رہے گا بلکہ کلیہ معارف اسلامیہ اور جامعہ کے دیگر شعبہ جات بھی اس کی تقلید کریں گے۔

**(ڈاکٹر عشرت العباد خان)**

**گورنر سندھ**

مورخہ: ۲۴/جولائی ۲۰۰۳ء